## سوال

(59) پتلون کے ساتھ نماز ادا کرنے کا کیا حکم ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

پتلون پہن کر نماز ادا کرنے کا کیا حکم ہے ؟ بعض لوگ جب یہ پہن کر نماز ادا کرتے ہیں تو اس کے ستر کے کچھ مقامات واضح ہوجاتے ہیں، بالخصوص نماز میں رکوع اور سجود کے وقت؟ عبداللہ۔ م۔ الریاض

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب پتلون، جوکہ پاجامہ ہی ہوتا ہے، مرد کے ناف سے لے کر گھٹنوں تک کے حصہ کوچھپانے والی ہو کھلی ہو، تنگ نہ ہو تو اس میں نماز درست ہے اور افضل یہ ہے کہ اس پتلون کے اوپر قمیص ہو، پوری طرح ڈھک جائیں گے۔ ساتر تہبند میں نماز ادا کرنا پاجامہ میں نماز ادا رنے سے افضل ہے جبکہ اورپ ساتر قمیص نہ ہو کیونکہ ستر کےلیے تہبند پاجامہ سے زیادہ پردہ والی چیز ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

### فتاویٰ ابن باز رحمہ اللہ

### جلداول - صفحہ 76

### محدث فتویٰ